صارف کے حقوق کا بل
ترک وطن میں اعانت کی خدمات کے فراہم کنندگان کے بارے میں

ترک وطن میں اعانت کی خدمات کے فراہم کنندگان ایسے افراد یا کاروباری ادارے ہوتے ہیں جو ترک وطن سے متعلق ہر قسم کی خدمات کے لیے فیس وصول کرتے ہیں۔ وہ وکیل نہیں ہوتے اور عموماً امریکی محکمۂ انصاف *(U.S. Department of Justice)* کے مقرر کردہ یا منظورشدہ نہیں ہوتے۔

وہ درج ذیل کام نہیں کر سکتے:

- ترک وطن سے متعلق کسی معاملے میں قانونی مشورہ دینا، بشمول ترک وطن سے متعلق بینیفٹس کے لیے حکومتی ایجنسی کے فارموں کا انتخاب کرنے کے بارے میں مشورہ دینا۔
- عدالت میں یا وفاقی حکومت یا ترک وطن سے متعلق حکام کے سامنے آپ کی نمائندگی کرنا۔

وہ درج ذیل کام کر سکتے ہیں:

- ترجمے کی سہولت مہیا کرنا۔
- دستاویزات اکٹھی کرنے میں آپ کی مدد کرنا۔
- آپ کی درخواست میں شامل دستاویزات کی فوٹوکاپی بنانا۔

اگر آپ ترک وطن میں اعانت کی خدمات کا کوئی فراہم کنندہ استعمال کرتے/کرتی ہیں، تو آپ کو درج ذیل کا حق حاصل ہوتا ہے:

- **تحریری معاہدہ۔** فراہم کنندہ کو آپ کو معاہدہ کی پوری طرح وضاحت کرنی چاہیئے اور سوالوں کے جوابات دینے چاہیئں۔ معاہدہ کی لازمی خصوصیات:
  - سادہ انگریزی زبان میں اور کسی دوسری ایسی زبان میں ہونا چاہیئے جس میں فراہم کنندہ نے آپ کے ساتھ خدمات پر بات چیت کی تھی۔
  - ان سب خدمات کی فہرست موجود ہونی چاہیئے جو آپ حاصل کر رہے/رہی ہیں اور ہر خدمت کی الگ فیس اور اخراجات لکھے ہونے چاہیئں۔
  - ایک علیحدہ آخری صفحے پر معاہدہ کی «تنسیخ کا فارم» (Cancellation Form) ہونا چاہیئے۔
  - دستخط شدہ ہونا چاہیئے۔
- **رسید۔** فراہم کنندہ کو آپ کو ایک رسید دینی چاہیئے جس پر درج ذیل سب کچھ لکھا ہو:
  - تاریخ
  - فراہم کنندہ کا قانونی نام اور پتہ
  - ہر انفرادی خدمت کے لیے آپ نے جو رقم ادا کی ہے، اس کی تفصیل
  - ٹیکس کی رقم، اگر کوئی ہو
  - کل ادا کردہ رقم
- **ادا شدہ رقم کی واپسی۔** کسی فراہم کنندہ کے ساتھ معاہدہ کرنے کے تین (3) دن کے اندر آپ کسی جرمانے کے بغیر معاہدہ منسوخ کر سکتے/سکتی ہیں اور اپنی 100% رقم واپس حاصل کر سکتے/سکتی ہیں،ماسوائے اس کے کہ آپ ترک وطن کے کسی خاص اور فوری مسئلے کی وجہ سے اپنے حق سے تحریری طور پر دستبردار ہو گئے/گئی ہوں۔ آپ کسی بھی وقت معاہدہ منسوخ کر سکتے/سکتی ہیں اور ان خدمات کے لیے جو فراہم کنندہ نے مہیا نہیں کیں یا وہ اخراجات جو اس نے آپ کی جانب سے ادا نہیں کیے، اپنی رقم واپس حاصل کر سکتے/سکتی ہیں۔ اگر آپ معاہدہ منسوخ کر دیتے/دیتی ہیں تو فراہم کنندہ کو آپ کی تمام اصلی دستاویزات لازماً واپس کرنی چاہیئں۔
- **مفت حکومتی فارم۔** ترک وطن کے وفاقی فارم یو ایس سٹیزن شپ اینڈ امیگریشن سروسز (U.S. Citizenship and Immigration Services, USCIS) کی ویب سائٹ **uscis.gov** پر دستیاب ہیں۔ فراہم کنندہ کے لیے یہ غیرقانونی ہے کہ وہ آپ سے مفت حکومتی فارموں کے لیے رقم لے۔
- **آپ کی فائل کے لیے کاغذی کارروائی کی نقول۔** فراہم کنندہ کو آپ کے لیے تیار کردہ تمام کاغذات اور فارموں کی نقول آپ کے طلب کرنے پر بلامعاوضہ آپ کو دینی چاہیئں۔ جب کوئی دستاویزات کسی حکومتی دفتر میں جمع کروائی جائیں یا وہاں سے موصول ہوں، تو فراہم کنندہ کو جمع کروانے یا وصولی کے دو ہفتے کے اندر ان کی نقول آپ کو دینی چاہیئں۔

پشت پر ملاحظہ کریں >

- **مطلع رہنا.** فراہم کنندہ کو آپ کی رضامندی کے بغیر آپ کی جانب سے معلومات کا انکشاف نہیں کرنا چاہیئے یا دستاویزات جمع نہیں کروانی چاہیئیں، ماسوائے اس کے کہ انکشاف کرنا یا دستاویزات جمع کروانا قانون کے تحت لازمی ہو۔ اگر فراہم کنندہ پر قانون کے تحت دستاویزات جمع کروانا یا انکشاف کرنا لازمی ہو، تو اسے آپ کو تحریری طور پر مطلع کرنا چاہیئے۔
- **رقم، اگر آپ کو فراہم کنندہ کی وجہ سے نقصان پہنچا ہو.** فراہم کنندگان کو آپ کے تحفظ کے لیے بانڈ برقرار رکھنا چاہیئے۔ آپ فراہم کنندہ یا اس کی بانڈ والی کمپنی سے رقم نکلوانے کے لیے عدالت میں جا سکتے/سکتی ہیں۔

مفت قانونی ریفرل۔

آپ مفت قانونی ریفرل کے لیے آفس آف نیو امیریکنز (Office of New Americans) کی ہاٹ لائن کو 1-800-566-7636 پر، ریاست نیویارک کے اٹارنی جنرل کے دفتر (New York State Office of the Attorney General) کو 1-800-771-7755 یا اپنے مقامی ڈسٹرکٹ اٹارنی یا پراسیکیوٹر کو کال کر سکتے/سکتی ہیں۔

ترک وطن سے متعلق خدمات فرام کرنے والے کسی بھی کاروباری ادارے کے بارے میں شکایت درج کروانے کے لیے 311 پر کال کریں۔

شکایت درج کروانے کے لیے آپ کو اپنا نام یا اپنی ترک وطن کی حیثیت بتانا ضروری نہیں ہے۔ 311 پر بہت سی مختلف زبانوں میں کالز سنی جاتی ہیں۔ آپ **nyc.gov/dcwp** پر آن لائن بھی شکایت درج کروا سکتے/سکتی ہیں یا مزید معلومات حاصل کر سکتے/سکتی ہیں۔

NYC Consumer and Worker Protection